06/06/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عارف حسین**

لیفٹننٹ گور نر

لیفٹنٹ گور نر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نا ر کو Terrorism کے خلاف 55روز پہلے جموں سے شروع کیا گیا ابھیان اب ایک تاریخی تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے۔

گاندربل میں منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے سے پہلے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ پچھلے 55دنوں کے دوران 1ہزار36ایف آئی آر درج کئے گئے ،1ہزار128ڈرگ سمگلر گرفتار کئے گئے نیز سمگلروں کی سو جائیدادوں کو اٹیچ کیا گیا ۔ علاوہ ازیں سات سو ڈرائیونگ لائسنس رد کئے گئے نیز 130ڈرگ سمگلروں کے پاسپورٹ منسوخ کئے گئے ۔

پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کاروائیاں جاری ہےں ۔ پولیس نے حبک سرینگر میں راہل منظور ملا نامی منشیات فروش کی ایک کروڑ تیس لاکھ روپے مالیت کی غیر منقولہ جائیداد اٹیچ کی ہے ۔

اسی طرح کی ایک اور کاروائی میں اَپَر صورہ سرینگر میں عادل رشید گُڈو نامی ڈرگ سمگلر کا دو کروڑ بیس لاکھ روپے مالیت کا رہائشی مکان قرق کیا گیا ۔

پولیس نے ڈرگ سمگلروں کے خلاف اپنی کاروائی میں سرعت لانے کا عزم دہراتے ہوئے لوگوں سے اس سلسلے میں تعاون دینے کی اپیل کی ہے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

ایل جی منوج سنہا نے 11اپریل کو نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی شروعات جموں سے کی تھی اور انہوں نے تمام اضلاع میں منشیات مخالف پدیاتراؤں اور بیداری پروگراموں کی قیادت کی
-

ابھیان کی شروعات کے ساتھ ہی لیفٹنٹ گورنر نے منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے اور اس دھندے میں ملوث لوگوں کے خلاف قرار واقعی سزا دلانے کے عزم کو دُہرایا۔

............Byte............

ریلوے

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے مسافروں کی سہولت اور گرمیوں کے موسم میں بڑھتے ہوئے رش کو کم کرنے کے لیے جموں توی سے ممبئی چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمینس کے درمیان سپر فاسٹ سمر اسپیشل ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔

یہ ٹرین 07 جون کو رات 12 بج کر 30 منٹ پر جموں توی سے روانہ ہوگی اور اگلے روز سہ پہر 3 بجے ممبئی پہنچے گی۔

اس بارے میں جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمرشل منیجر
ا

چت سنگھل نے کہا کہ مسافروں کی حفاظت اور سہولت ریلوے اولین ترجیح ہے۔±

سینسیس

جموں و کشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینسیس آفیسر اور ڈائریکٹر مردم شماری آپریشنز امت شرما نے ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان کے ہمراہ ایک میٹنگ میں مردم شماری 2026 کے تحت یکم جون سے 30 جون 2026 تک جاری رہنے والے
ہاو

س لسٹنگ آپریشنز کی پیش رفت اور تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ئ

اس موقع پر متعلقہ افسران نے ضلع میں جاری
ہاو

س لسٹنگ سرگرمیوں، فیلڈ عملے کی تعیناتی، ڈیٹا جمع کرنے کے عمل اور دیگر انتظامات کے ٤
بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

بورڈ Silk سینٹرل

بورڈ بنگلورو کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر منتھرا مورتی نے شیرِ کشمیر یونیورسٹی Silk سینٹرل سیریکلچر، میرگنڈ کی Temperate آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے کالج آف ریشم پروری کی تعلیم، تحقیق اور تکنیکی ترقی میں نمایاں خدمات کو سراہتے ہوئے اسے اس شعبے کے لیے ملک کا بہترین ادارہ قرار دیا ہے۔

ڈاکٹر مورتی نے کالج کے اپنے پہلے دورے کے موقع پر ان خیالات کا اظہار کیا۔ ادارے کے ڈین پروفیسر ایم آر میر نے کالج کی تعلیمی، تحقیقی، توسیعی اور کاروباری Associate سرگرمیوں کا تفصیلی خاکہ پیش کیا۔

BRO

کا Vijayak ڈائریکٹر جنرل باڈر روڈس لداخ لیفٹنٹ جنرل ہرپال سنگھ نے کرگل میں پروجیکٹ کی طرف سے در دست لئے گئے کلیدی نوعیت کے پروجیکٹوں کی پیشرفت کا BRO دورہ کرکے جائزہ لیا۔

فوج

فوج کے چنار کور اور ضلعی اسپورٹس کونسل کے مشترکہ اہتمام سے بارہمولہ میں 4 اپریل سے 4 جون تک دو مراحل میں منعقد ہوئی بارہمولہ والی بال چیمپئن شپ 2026 شاندار کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

ضلع کے مختلف علاقوں کی مرد و خواتین کی 32 ٹیموں نے اس میں شرکت کی۔

فائنل مقابلوں میں سنسنی خیز اور اعلیٰ معیار کے کھیل کا مظاہرہ دیکھنے کو ملا جس نے شائقین کو بے حد متاثر کیا۔

اس چیمپئن شپ کا انعقاد نشہ
م

کت ابھیان کی حمایت میں کیا گیا تھا۔±

احتجاج

بھارت نے پاکستان کی جانب سے پاکستانی مقبوضہ گلگت بلتستان میں وہاں کی نام نہاد اسمبلی میں عام چناؤ کرانے کے اعلان پر سخت احتجاج کیا ہے۔ پاکستان میں وہاں7جون کو الیکشن کرانے کا اعلان کیا ہے۔

گیس

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہر دیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ انڈومان جزیرے کے مشرقی ساحل سے15کلو میٹر دور شری وجیا پورم میں قدرتی گیس دریافت ہوئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر نے کہا کہ اس دریافت سے انڈومان کے سمندری علاقے کی وسیع توانائی کی گنجائش کی عکاسی ہو تی ہے۔ انہوننے کہا کہ مذکورہ گیس کا تجزیہ کیا جا رہا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****